## مورخہ 24,23 مارچ 2012ء کو جامعہ علوم اثریہ میں گیارہویں سالانہ فری آئی کیمپ کی مختصر رپورٹ

جہلم (نامہ نگار) دینی تعلیم وتربیت کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کا مستقل تسلسل قائم کر کے جامعہ علوم اثریہ جہلم نے غریب عوام کے دل موہ لئے، ان خیالات وتاثرات کا اظہار جہلم میں گیارہویں سالانہ انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کے موقع پر مریضوں، ان کے لواحقین اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے کیا ہے۔ یاد رہے کہ دینی علوم کی بین الاقوامی یونیورسٹی (جامعہ علوم اثریہ) جو گزشتہ بتیس (32) سال سے قرآن وحدیث کی اعلیٰ تعلیم کا شاندار ریکارڈ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عوام کی سماجی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ یتیم بچوں کیلئے وظائف، رمضان المبارک کے موقع پر راشن کی تقسیم، اثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال واثریہ فری ڈسپنسری، مساجد کی تعمیر اور آبنوشی کی سکیموں کے ساتھ ساتھ گزشتہ گیارہ (11) سال سے مسلسل فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی ہزاروں مریضوں کی آنکھوں کا مفت معائنہ، فری عینکیں اور ادویات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کو رہائش اور کھانا بھی فری دیا گیا، آپریشن سے قبل مریضوں کے یورن اور شوگر ٹیسٹ بھی فری کئے گئے۔ مریضوں کے علاج معالجہ کیلئے سعودی عرب کی این جی او ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' اور ''نور دبئی'' کے تعاون سے الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی اٹھارہ (18) رکنی ٹیم جناب ڈاکٹر عارف شاہ اور رضوان بلوچ کی قیادت میں کیا۔ جبکہ ان کی معاونت میں جامعہ علوم اثریہ کے اساتذہ وطلبہ، اہل حدیث یوتھ فورس، اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن اور الاحسان ویلفیئر کے جوانوں کے علاوہ انجمن اہل حدیث (رجسٹرڈ) ومرکزی جمعیت اہل حدیث کے احباب پیش پیش رہے۔ زنانہ کیمپ میں جامعہ اثریہ للبنات کی معلمات وطالبات کے علاوہ جہلم کی دیگر خواتین نے بھر پور حصہ لیا۔ اس مرتبہ کیمپ میں پانچ ہزار سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا جبکہ پانچ سو بتیس (532) مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا گیا اور تمام مریضوں کو لینز بھی فری ڈالا گیا۔ یاد رہے کہ یہ کیمپ علاقے کا سب سے بڑا فری آئی کیمپ ہے۔ جہاں جامعہ علوم اثریہ کی عظیم الشان سہ منزلہ بلڈنگ کی ایک چھت تلے یہ سارے کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بتایا کہ الحمد للہ کہ آج تک اس کیمپ میں ہونے والے آپریشن کے تمام مریضوں کو اللہ رب العزت نے صحت وعافیت سے نوازا اور کسی مریض سے کوئی شکایت موصول نہ ہوئی، اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں وہ کم ہے۔ اس موقع پر ضلع جہلم کی سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی حلقوں کے خصوصی تعاون کے ساتھ ساتھ ضلعی پولیس کے افسران اور اہل کار، سکیورٹی کے اعلیٰ انتظامات کرنے پر بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ کیمپ کا دورہ کرنے والی بے شمار اہم شخصیات میں ڈی سی او جہلم محمود الحسن مرزا اور ای ڈی او ہیلتھ ضلع لاہور ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ وغیرہ شامل ہیں۔ اس کیمپ کے نگران اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل تھے ان کی معاونت مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے کی۔ ان کے دیگر معاونین میں راجہ اتار گل ایڈووکیٹ، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، محمد افضل لون، ارشد محمود زرگر، ڈاکٹر ظفر محمود، محمد صدیق یوسفی، سیٹھی

محمد ارشد، عمران صادق اور محمود عدنان کر رہے تھے۔ دیگر انتظامی کمیٹیوں کے نگرانوں میں ماسٹر محمد اقبال اختر قریشی، سید ثناء اللہ شاہ، عامر سلیم علوی، ڈاکٹر عاطف جواد، سیف ادریس، چوہدری عبدالاحد اور سیٹھی محمد اصغر شامل ہیں۔

یاد رہے کہ اس سال جہلم کے علاوہ پنڈ دادنخان، منڈی بہاؤ الدین، سوہاوہ اور چترپڑی (میرپور) میں بھی فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں مریضوں کا چیک اپ ہوا جس میں مریضوں کو ادویات اور عینکیں مفت دی گئیں اور آپریشن والے مریضوں کو جامعہ علوم اثریہ جہلم میں لا کر آپریشن کیے گئے۔

اس سالانہ کیمپ کے موقع پر جہاں مریضوں کی آنکھوں کا علاج کیا جاتا ہے وہاں مریضوں کے روحانی علاج کیلئے خصوصی طور پر دینی تربیت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس دفعہ 23 مارچ کا خطبہ جمعہ جامع مسجد سلطان (جامعہ علوم اثریہ) میں نامور عالم دین مولانا ابراہیم میرپوری خطیب برطانیہ نے پڑھایا اور اسی دن درس کیلئے قاری محمد یوسف راشد تشریف لائے اور عشاء کی نماز کے بعد مریضوں سے بڑے ہی اصلاحی انداز میں خطاب کیا اور اگلے دن حافظ حبیب الرحمن خطیب برطانیہ نے مریضوں کو درس دیا جبکہ صبح کی نماز کے بعد کیمپ کے ایام میں مولانا قطب شاہ مریضوں کو درس دیتے رہے اور نماز اور تلاوت قرآن کی خصوصی طور پر ترغیب دلائی۔

## جامعہ میں ایجوکیشن فیسٹیول

مورخہ 8 اپریل بروز اتوار جامعہ کے جدید تعلیمی نظام کے تحت اثریہ ماڈل سکول اینڈ کالج کے زیر اہتمام ایجوکیشن فیسٹیول ہوا جس میں حسن قرأت، نعت خوانی، معلومات عامہ کے علاوہ تحریری اور تقریری مقابلہ جات ہوئے۔ پروگرام کی ابتداء دن 11 بجے ہوئی۔ بعد ازیں مقابلہ جات ہوئے۔ بعد نماز عصر تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس میں مہمانان خصوصی ڈی سی او ضلع جہلم جناب مرزا محمود الحسن، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ ای ڈی او ہیلتھ لاہور، میاں نعیم بشیر اور راجہ احسان خان (راولپنڈی) تشریف لائے اور معزز مہمانان گرامی نے مقابلہ جات میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات دیئے اور باقی شرکاء کو تعریفی اسناد دی گئیں۔ ازاں بعد ڈی سی او ضلع جہلم جناب مرزا محمود الحسن، حافظ حبیب الرحمن خطیب برطانیہ، راجہ انار گل ایڈووکیٹ، ڈاکٹر عاطف جواد، ابوبکر صدیق ڈائریکٹر جنرل اور رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مفصل خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروقار تقریب تکمیل پذیر ہوئی۔

## پنجاب ایکسپریس ٹریول اینڈ ٹورز کا جی ٹی ایس چوک پر نئے دفتر کا افتتاح

جہلم کی کاروباری دنیا میں جواد علی شیخ کا نام بہت تھوڑے عرصے میں معروف ہوگیا۔ جنہوں نے دیکھتے ہی دیکھتے کاروبار میں کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ اب حال ہی میں مورخہ 12 مارچ بروز سوموار کو جہلم کے مشہور کاروباری مرکز جی ٹی ایس چوک پر پنجاب ایکسپریس ٹریول اینڈ ٹورز کا دفتر منتقل کیا۔ اس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر معروف کاروباری شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مختصر درس قرآن و حدیث ارشاد فرمایا، اس پروقار تقریب کا اختتام دعائے خیر سے ہوا۔ پروگرام کے آخر میں مہمانوں کی پرتکلف تواضع کی گئی۔